اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو سجدوں کے بیچ یہ دعا پڑھا کرتے تھے : "رَبِّ اغْفِرْ لِي، رَبِّ اغْفِرْ لِي" (اے میرے رب! مجھے بخش دے اے میرے رب مجھے بخش دے)

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو سجدوں کے بیچ یہ دعا پڑھا کرتے تھے : "رَبِّ اغْفِرْ لِي، رَبِّ اغْفِرْ لِي" (اے میرے رب! مجھے بخش دے اے میرے رب مجھے بخش دے)
[صحيح] [رواه أبو داود والنسائي وابن ماجه وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو سجدوں کے بیچ کے جلسے میں یہ دعا پڑھتے اور اسے بار بار دہراتے تھے : "رَبِّ اغْفِرْ لِي، رَبِّ اغْفِرْ لِي" (اے میرے رب! مجھے بخش دے اے میرے رب! مجھے بخش دے) دراصل اس دعا کے ذریعے بندے اپنے رب سے اس بات کی درخواست کرتا ہے کہ وہ اس کے گناہ بخش دے اور اس کے عیوب پر پردے ڈال دے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65104